تبصرے

حیات خلیل - از مولانا محمد ثانی حسنی تقطیع متوسط ضخامت ۶۱۲ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد -/۱۵ پتہ: - مکتبۂ اسلام، گوئن روڈ، لکھنؤ-

مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری سلسلۂ سہارنپور و دیوبند کے اکابر علما و مشائخ میں سے تھے اور اس سلسلہ کی خصوصیات کے جامع تھے، علم و عمل، شریعت و طریقت، ورع و تقویٰ، درس و تدریس اور تصنیف و تالیف یہ سب اوصاف آپ کی کتاب زندگی کے روشن ابواب تھے آپ کا ایک تذکرہ مولوی عاشق الٰہی صاحب میرٹھی نے تذکرۃ الخلیل کے نام سے لکھا تھا۔ لیکن ضرورت تھی کہ سوانح نگاری کے جدید اصول و ضوابط کی روشنی میں ایک مفصل و مبسوط تذکرہ لکھا جائے۔ یہ کتاب اسی ضرورت کی تکمیل کے لئے مرتب کی گئی ہے۔ شروع کے دو ابواب میں لائق مولف نے حضرت سہارنپوری کے خاندان اور وطن کے تذکرہ و بیان کے سلسلہ میں سہارنپور، دیوبند اور مظفر نگر کے اطراف و اکناف کے مختلف مگر نمایاں خانوادہائے علم و فضل اور ان کے مشاہیر علما و مشائخ کا تذکرہ بڑی جامعیت اور خوبی سے کیا ہے جو ۸۶ صفحات میں پھیلا ہوا ہے۔ باقی سولہ ابواب میں حضرت سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کے ذاتی سوانح و حالات، پیدائش، تعلیم، ملازمت، درس و تدریس تصنیف و تالیف، اسناد و اجازت روایت، اساتذہ، تلامذہ، مشائخ و مسترشدین کمالات علمی و روحانی، فضائل اخلاق، معمولات و عادات، اسفار، جذبۂ جہاد ملفوظات و ارشادات، مکتوبات، رسائل و کتب، تبلیغ و اشاعت دین میں